رول نمبر: ____________

جماعت دہم

# اُردو لازمی (حصہ انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:10 گھنٹے　　کل نمبر: 60

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)

(i) شیر اٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے　　آہو نہ منھ نکالتے تھے سبزہ زار سے

(ii) یہ سعادت حورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی　　غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

(iii) بچھڑے ہوؤں کو بکھرے ہوؤں کو اک مرکز پر لایا　　کتنے ستاروں کے جھرمٹ میں سورج بن کر آیا

(iv) سمجھ لیا تھا جسے جانور سواری کا　　وہ اونٹ بوجھ اٹھائے گا ذمہ داری کا

(حصہ غزل)

(v) زوج کو بھی مزا محبت کا　　دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام　　کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور　　تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں

## ( حصہ دوئم )

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10

(الف) اس کو معلوم نہیں تھا کہ مرزا صاحب پطرس کے استاد ہیں۔ حسبِ دستور اپنی کارروائی دکھانے کے لئے اس نے ان کے مسوّدے میں سے دو ایک فقرے نکال دیئے تھے۔ ان فقروں کا نکالنا اس کا نوکری سے نکالے جانے کا پیش خیمہ ہو گیا۔ بھاگا مرزا صاحب کی خدمت میں، معافی مانگی، ہاتھ جوڑے، مرزا صاحب نہ مانے۔

(ب) کیوں صاحب! کیا یہ آئین جاری ہوا ہے کہ سکندر آباد کے رہنے والے دلی کے خاک نشینوں کو خط نہ لکھیں؟ بھلا اگر یہ حکم ہوا ہوتا، تو یہاں بھی تو اشتہار ہو جاتا کہ زنہار کوئی خط سکندر آباد کو یہاں کی ڈاک میں نہ جاوے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) سبق "خطوطِ غالب" میں دوسرا خط کس کے نام ہے اور یہ خط کب لکھا گیا؟

(ii) علامہ اقبال کے بیٹے اور بیٹی کا نام لکھیے۔

(iii) کسان نے کن دو شرائط پہ چغل خور کو ملازم رکھا؟

(iv) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(v) حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی شخصیت میں موجود دو چیزیں تحریر کیجیے جو نمایاں تھیں۔

(vi) مقطع کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔

(vii) "نعت" کس شاعر کی تخلیق ہے؟ ان کی کسی ایک کتاب کا نام بھی تحریر کیجیے۔

(viii) علامہ اقبال نے "حورِ صحرائی" کس کو کہا ہے؟ اور یہ کس جنگ میں شہید ہوئی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (i) پرستان کی شہزادی (ii) نام دیو مالی 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجیے۔ (i) تعلیم نسواں (ii) تحریکِ پاکستان (iii) سردی کا موسم 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 10

انتخابِ کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لئے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لئے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو بُرائی سے بچا لیتا ہے اور ایک بُرا دوست اپنی بدکرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ، عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخربِ اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو بُرائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بُری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیرِ زمانہ کی سوانح عمریاں، سفرنامے، اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لئے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

(i) کس چیز کے منتخب کرنے میں غور و فکر کی ضرورت ہے؟

(ii) بُرا دوست کیا نقصان دیتا ہے اور اچھا دوست کیا فائدہ دیتا ہے؟

(iii) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

(iv) طالب علم کے لئے کون سی کتابیں فائدہ مند ہو سکتی ہیں؟

(v) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔